کیا آپ کو معلوم ہے کہ Wraparound Childcare توسیع پا رہی ہے؟

Wraparound Childcare سے مراد انگلینڈ میں پرائمری اسکول کی عمر کے بچوں کے لئے اسکول سے پہلے اور بعد کی چائلڈکیئر ہے، جیسے کہ اسکول کے بعد معمول کی فراہمی. یہ ٹرم کی مدت میں جاری رہتی ہے، عام طور پر صبح 8 تا شام 6 بجے تک.

HM Government

Childcare Choices

Wraparound Childcare اکثر اسکول کے مقام پر یا مقامی علاقے میں کسی اور مقام، جیسے کہ نرسری میں، بچے کا خیال رکھنے والے کے ساتھ یا کمیونٹی سنٹر میں انجام دی جاتی ہے۔

یہ بچوں کو نئے کام کرنے، کھیلنے اور دوست بنانے کے لئے ایک محفوظ و معاون جگہ فراہم کرتی ہے، اس کے علاوہ کام اور چائلڈ کیئر کو مزید لچکدار طریقے سے سنبھالنے میں والدین کی مدد کرتی ہے۔

Wraparound Childcare توسیع پا رہی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ پرائمری اسکول کی عمر کے بچوں کے والدین انگلینڈ بھر میں دستیاب Wraparound Childcare کے مقامات کی تعداد میں اضافے کی توقع رکھ سکتے ہیں۔

فراہم کنندگان Wraparound مقامات کے لئے اپنی مرضی سے فیس طے کریں گے اور آپ اپنے بچے کے مقام کے لئے براہ راست ادائیگی کریں گے۔ اگر آپ اہل ہیں تو آپ اپنے مقام سے متعلق ادائیگی میں مدد کے لئے ٹیکس فری چائلڈ کیئر یا یونیورسل کریڈٹ چائلڈ کیئر استعمال کر سکیں گے۔

مزید جاننے کے لئے **childcarechoices.gov.uk** ملاحظہ کریں یا کیو آر کوڈ اسکین کریں اور چیک کریں کہ آیا آپ Wraparound کی ادائیگی میں مدد کے لئے اہل ہیں۔

اگر آپ اور آپ کی فیملی کو Wraparound Childcare کی ضرورت ہے، تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں

1. childcarechoices.gov.uk ملاحظہ کر کے Wraparound Childcare کے بارے میں مزید جانیں۔
2. اپنے مقامی علاقے میں دستیاب Wraparound اختیارات کے بارے میں مزید جاننے کے لئے اپنے بچے کے اسکول یا اپنی مقامی اتھارٹی کے زیر انتظام فیملی انفارمیشن سروس سے بات کریں۔
3. اگر آپ کے بچے کا اسکول پہلے سے Wraparound فراہم نہیں کرتا، تو آپ کو یہ درخواست کرنے کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنے مقام پر اس کا انتظام کرنے پر غور کریں۔ ایسا کرنے کے لئے انہیں خط یا ای میل ارسال کریں۔

مفت ناشتے کے کلب

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ بچے اسکول کے دن کے آغاز پر سیکھنے کو تیار ہوں اور رویے، حاضری اور حصولی میں بہتری لانے میں مدد کے لئے اپریل 2025 سے 750 اسکولوں میں مفت ناشتے کے کلب دستیاب ہوں گے۔

مفت ناشتے کے کلبوں کے قومی سطح پر آغاز کے بارے میں مزید تفصیلات جلد دستیاب ہوں گی۔

Childcare Choices